سوال

(413) بیوی شوہر کا گھر چھوڑ کر میکے چلی جائے تو کیا شوہر پر اس کا خرچہ واجب ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

خاوند اور بیوی کے درمیان اختلافات پیدا ہوگئے تو بیوی کہنے لگی کہ مجھے میرے میکے چھوڑ آؤ۔ میں تمہارے ساتھ نہیں رہ سکتی تو خاوند اسے اس کے میکے چھوڑ آیا اور وہ کچھ ماہ تک ان کے پاس ہی رہی تو کیا خاوند پر اس حالت میں اس کا خرچہ واجب ہے۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس کے ذمہ بیوی کا کوئی خرچہ نہیں اس لیے کہ خرچہ تو بیوی کے نفس کو خاوند کے سپرد کرنے کے بدلے میں ہے اور یہ چیز بیوی کے چلے جانے اور خاوند کے ساتھ نہ رہنے پر اصرار کے ساتھ ختم ہو چکی ہے۔ (شیخ ابن جبرین)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ نکاح وطلاق

ص500

محدث فتویٰ